حصہ ۔ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 2 حسن میمندی کون تھا؟ اور اس نے محمود غزنوی کی خدمت میں کیا عرض کی؟

سوال نمبر 3 نواب نور محل نے خواب میں کیا دیکھا؟

سوال نمبر 4 یحیٰ منصور کون تھا؟ اور اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

سوال نمبر 5 چینی طلبہ اور طالبات کی اردو دانی کے متعلق انشاء صاحب نے کیا لکھا ہے؟

سوال نمبر 6 ہملٹن کون تھا؟ اور اس نے سندھ کے علم و فضل کے بارے میں کیا کہا؟

سوال نمبر 7 کانگریس کا اصل مقصد کیا تھا؟ اور مسلم لیگ کا قیام کیوں عمل میں آیا؟

سوال نمبر 8 ذیل کے سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے لفظ بنائیے۔

کش ۔ مند ۔ پر ۔ بار

سوال نمبر 9 توصیف سلطان نے پہلے اللہ کی خوشنودی کس طرح حاصل کرنی چاہی؟

سوال نمبر 10 قبیلہ مخزوم کی عورت کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا فیصلہ دیا اور کیوں؟

سوال نمبر 11 مندرجہ ذیل الفاظ اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

ماشاءاللہ ۔ قارئین ۔ اطوار ۔ غیر معروف

سوال نمبر 12 کیا انفرادی عمل سے معاشرے کا بگاڑ رک سکتا ہے؟

سوال نمبر 13 سر سید احمد خان کا ہندو اور مسلمان قوموں کے بارے میں کیا نظریہ تھا؟

حصہ ۔ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 14 مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجیے۔

"اچھا تو نیک بخت پھر مجھ کو اس بے عزتی سے بچنے کی کوئی تدبیر بتا۔"

سوال نمبر 15 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی بحوالہ تشریح کیجیے۔

(الف) دیکھی نہیں کسی نے اگر شانِ مصطفیٰ ﷺ دیکھے کہ جبرئیل ہے دربانِ مصطفیٰ ﷺ

(ب) فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں! کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

سوال نمبر 16 مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

بنتِ بہادر شاہ ۔ قرطبہ کا قاضی

سوال نمبر 17 "سر سید احمد خان" کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔

سوال نمبر 18 نظم "جنگ یرموک کا ایک واقعہ" کا خلاصہ لکھیے۔